میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل،24جمادی الاول،1443ھ | 28/12/2021 | نمبر:1443/30

پریس ریلیز

پی ٹی آئی پروجیکٹ کی ناکامی نے جمہوری سرمایہ دارانہ نظام کی حتمی ناکامی پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے، اب پاکستان کو پرانے لیڈر نہیں بلکہ خلافت کا نظام چاہیے

اگر آپ وہی کچھ کریں گے جو آپ ہمیشہ کرتے رہے ہیں، تو عموماً آپ وہی پائیں گے جو آپ ہمیشہ پاتے رہیں ہیں۔ پرانے پاکستان کے بعد نئے پاکستان کا تجربہ بھی ناکام ہو گیا ہے کیونکہ پرانا پاکستان اور نیا پاکستان در حقیقت ایک ہی پاکستان تھا؛ استعماری، سرمایہ دارانہ جمہوری نظام والا پاکستان۔ اور جس کرپشن کے خاتمے اور صاف وشفاف قیادت کے نام پر نئے پاکستان کا وژن رکھا گیا تھا، وہ بھی ثابت ہو گیا ہے کہ جمہوریت میں ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ یہ "Elite Capture" کا نظام ہے۔ حالیہ بلدیاتی الیکشن میں ووٹر ٹرن آؤٹ اس امر کی مزید گواہی ہے کہ عوام نے پورے ووٹنگ کے عمل سے لا تعلق ہو کر اس نظام کو ہی مسترد کر دیا ہے۔ انھیں نہ تو پرانے لیڈروں میں اور نہ ہی نئے پاکستان میں دلچسپی ہے۔ وہ اس پورے نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں جس نے ان کی زندگی عذاب بنا رکھی ہے، ان کی معیشت آئی ایم ایف کے حوالے کر رکھی ہے، خارجہ پالیسی امریکی اشاروں پر چلتی ہے، عدالتی نظام عوام کے حقوق کو دہائیوں تک پامال کرتا ہے، تعلیمی نظام صرف ذہنی غلام پیدا کرتا ہے، معاشرتی نظام مغربی لبرل معاشرت کو پھیلا کر ہمارے خاندانی نظام میں نقب لگا رہا ہے اور حکومتی نظام سرمایہ داروں اور چند طاقتور طبقوں کے مفادات کا محافظ ہے۔ طرفہ تماشا تو یہ ہے کہ ہر نیا آنے والا حکمران لوگوں کا ایسا حشر نشر کرتا ہے کہ پچھلے حکمرانوں کو بخشوا دیتا ہے، وہی پچھلے حکمران، جن سے تنگ آ کر ہی نئے حکمرانوں کو منتخب کیا جاتا ہے۔

پاکستان کے عوام گورنر جنرل سیٹ اپ، مارشل لاء اور ایمر جنسی سمیت ہر طرح کی آمریت و جمہوریت کو دیکھ چکے ہیں۔ مختلف مارشل لاؤں میں ٹیکنو کریٹس کے سیٹ اپ کی ناکامیاں بھی عوام کو بخوبی یاد ہیں۔ اور اب استعماری اشرافیہ کے پاس کوئی ایسا ٹوٹکا باقی نہیں بچا جس کے ذریعے عوام کو اس بوسیدہ نظام سے باندھ کر رکھا جا سکے۔ اس نظام کے ساتھ مزید چمٹ کر رہنا، استعماری غلامی پر ڈھٹائی اور انتہا پسندی کی بد ترین مثال ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ اس نظام کا بوریا بستر لپیٹ کر اس کی جگہ خلافت قائم کی جائے، وہ خلافت جس کا قیام مسلمانوں پر فرض ہے۔

خلافت اسلام کی بنیاد پر عملی طور پر اولاً تمام پاکستان کو اکھٹا کرے گی اور پھر اس سے آگے بڑھتے ہوئے افغانستان، وسط ایشیا، مشرق وسطیٰ اور دیگر مسلم ممالک کو یکجا کرے گی۔ خلافت پاکستان، بنگلہ دیش، ترکی، ایران، مصر، سوڈان، نائیجیریا، مراکش، قطر، سعودی عرب، یمن، انڈونیشیا، ملیشیا جیسے ممالک کی زراعت، صنعت، فوجی طاقت، وسائل اور زمین اور افرادی قوت کو ایک کر کے مختصر مدت میں مسلمانوں کو عالمی طاقت بنا دے گی۔ پوری دنیا میں نہ تو اس وقت کوئی طاقت مسلم دنیا کے خلاف جنگ مسلط کرنے کی پوزیشن میں ہے نہ ہی اس قوت ارادی کی حامل ہے۔ خلافت محض وحدت کے ذریعے ہی مسلمانوں کے معاشی مسائل کے حل پر قادر ہو گی، قطع نظر اسلام کی انقلابی معاشی پالیسیوں کے جو خلافت کو دنیا کا سب سے بڑا معاشی کردار بنا دیں گی۔ **اے افواج پاکستان کے افسران!** آپ اس چیز پر قادر ہیں کہ یہ تبدیلی لے آئیں، اور اسی لئے آپ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے سامنے سب سے زیادہ جواب دہ بھی ہیں۔ آپ ہی کی طاقت کے بل بوتے پر یہ استعماری ظالمانہ نظام مسلمانوں کی گردنوں پر نافذ ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے۔ حزب التحریر کو خلافت کے قیام کیلئے نصرہ دے کر اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کریں، اور خود کو اُس اجر کا حقدار ٹھہرائیں جس کے حقدار آپ سے پہلے مدینہ کے انصار ٹھہرے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے انصار کے بارے میں فرمایا؛ **اللَّهُمَّ أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ "یقیناً تم (دنیا بھر کے) انسانوں میں میرے لئے محبوب ترین لوگ ہو" آپ ﷺ نے یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔** (صحیح بخاری)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449 پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info